الیکشن کمیشن آف پاکستان

Media Coordination and Outreach Wing

اعلامیہ

مورخہ 15اپریل2022

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے اسلام آباد ہائیکورٹ کے فیصلے مورخہ 14اپریل 2022 کی روشنی میں الیکشن کمیشن میں فارن فنڈنگ کیس کی سماعت روزانہ کی بنیاد پر کرنے کافیصلہ کیا ہے تاکہ معزز عدالت کی ہدایت کے مطابق 30 دن کے اندر اس کیس کا فیصلہ کر دیا جائے ۔

الیکشن کمیشن آف پاکستان نےاین اے 33 ضلع ہنگو میں 17اپریل کو ہونےوالے ضمنی الیکشن کے انعقاد کے سلسلے میں چیف الیکشن کمشنر جنا ب سکندر سلطان راجہ نے آج ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر، ریٹرننگ آفیسر، ڈپٹی کمشنر ، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اور دیگر متعلقہ افسران سے بذریعہ ٹیلی فون رابطہ کیا اور مذکورہ الیکشن کے سلسلے میں ہدایت دیتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ 17اپریل 2022 کو ہونےوالے الیکشن کو صاف، شفاف اور پرامن انتخابات ہر صورت میں یقینی بنائے جائیں ۔

تمام ووٹروں کو پر امن ماحول فراہم کیا جائے اور پولنگ میں مداخلت کو ہر گز برداشت نہ کیا جائے اور پولنگ کے سلسلے میں کسی بھی قسم کی خلاف ورزی کی صورت میں فوری عملی اور قانونی کارروائی کی جائے ۔ اور اگر کوئی اہلکار یا عملہ الیکشن کے انعقاد میں خلاف ورزی کا مرتکب ہوا تو اس کے خلاف فوری الیکشن لیا جائے اور الیکشن کمیشن کو رپورٹ کیا جائے ۔ مزید برآں چیف الیکشن کمشنر نے ضلع ہنگو کے ووٹروں پر زور دیا کہ وہ الیکشن کے عمل میں حصہ لے کر اپنے ووٹ کے حق کا استعمال کریں ۔

اسلام آباد میں مقامی حکومتوں کے انعقادکے حوالے سے حلقہ بندیوں کے شیڈول کے مطابق الیکشن کمیشن کی جانب سے قائم کردہ حلقہ بندی کمیٹی نے آج حلقہ بندیوں کی ابتدائی فہرست جاری کر دی گئی ہے۔ جس کے مطابق اسلام آباد میں 50 یونین کونسلیں تشکیل دی گئی ہیں۔ہر یونین کونسل کے اندر 6جنرل وارڈز اور 2خواتین کے وارڈز بنائے گئے ہیں۔حلقہ بندیوں کی ابتدائی فہرست کو آویزاں کر دیا گیا ہے۔ اس کے حوالے سے ان پر تجاویز اور اعتراضات 16 اپریل تا 30 اپریل ،2022 دائر کیے جا سکتے ہیں۔ اس حوالے سے ریجنل الیکشن کمشنر راولپنڈی،جن کا دفتر7/63 سی،سیٹلائیٹ ٹاون، ایران روڈ، چاندنی چوک، راولپنڈی میں واقع ہےحلقہ بندی اتھارٹی تعینات کیا گیا ہے حلقہ بندی اتھارٹی یکم مئی تا 15 مئی ،2022 تک تجاویز اور اعتراضات کو نمٹائے گی ۔ یونین کونسلوں اور وارڈ کے حتمی حلقہ بندی کی فہرست 19 مئی 2022 کو جاری کی جائے گی۔مزید معلومات کے لیے درج ذیل نمبرز پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

حلقہ بندی اتھارٹی آفیس: 051-9290176

ڈسٹرکت الیکشن کمشنر آفس اسلام آباد۔ 051-9261003